27/01/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

اب آپ شیخ انوار الحق سے خبریں سُنئے

یوم جمہوریہ

ملک نے کل حب الوطنی کے جذبے کے تحت اپنا 77 واں یوم جمہوریہ منا یا اور اس سلسلے میں ملک بھر میں رنگا رنگ تقاریب کا اہتمام کیا گیا - ملکی سطح کی سب سے بڑی تقریب نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر منائی گئی جہاں پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ترنگا لہرا کر جشن جمہور منانے میں قوم کی قیادت کی - تقریب کے دوران ملک کے گوناگو ں، ثقافتی ورثے ، اقتصادی ترقی نیز فوجی طاقت کی عکاسی کی گئی -

Ursula اور یورپی کمیشن کی صدر Antonio Da Costa یورپی کونسل کے صدر Von Der Leyen اس سال یوم جمہوریہ تقریب پر خاص مہمانوں کی حیثیت سے موجود تھے-

UT تقریب

جمونو کشمیر میں یوم جمہوریہ کی سب سے بڑی تقریب جموں کے مولانا آزاد میموریل اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی جہاں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ترنگا لہرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی-

اس موقعے پر اپنے خطاب میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ جمونو کشمیر میں تعمیر و ترقی کی ایک نئی صبح طلوع ہوئی ہے اور لوگوں کی راحت رسانی کےلئے مختلف شعبوں میں ترقیاتی پروجیکٹ عملائے جارہے ہیں- انہوں نے کہا کہ یوم جمہوریہ ہمیں اُن اقدار کی یاد دہانی کراتا ہے جو ہمارے آئین میں مضمر ہیں -

اس موقعہ پر کرتب بازی اور ثقافت کے رنگا رنگ پروگرام بھی پیش کئے گئے -

اس سے قبل منوج سنہا نے پولیس شہیدی یاد گار اور بلیدھان ستمبھ پر حاضری دے کر ملک و قوم کی حفاظت کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداءکو خراج عقیدت پیش کیا-

At Home

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل شام لوک بھون جموں میں At Home کا اہتمام کیا جس میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نیشنل کانفرنس صدر فاروق عبداللہ، اسمبلی کے سپیکرعبد الرحیم راتھر ، فوج ، پولیس ، سول انتظامیہ اور سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی-

سرینگر تقریب

سرینگر میں یوم جمہوریہ کی سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی جہاں نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے قومی جھنڈا پھیرا یا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی-انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار جموں و کشمیر میں ترقی کی رفتار کو بڑھانے میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھ رہی ہے-

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے توانائی کے شعبے میں بھارت میں موجود صلاحیتوں کو
ا

---

in-dependence جاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھار ت اب انرجی سکیورٹی سے انرجی±

سے ویڈیو کا نفرنسنگ کے ذریعے week Energy - کے مشن پر گا مزن ہے- انڈیا 2026

بہت کم وقت میں ایک عالمی Week خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انڈیا انرجی

میں 125 week-2026 پلیٹ فارم کے بطور ابھرا ہے- انہوں نے کہا کہ انڈیا انرجی

ممالک کے نمائندے شرکت کر رہے ہیں اور بھارت ان کا تہہ دل سے خیر مقدم کرتا ہے- وزیر اعظم نے کہا کہ دنیا کی تیزی سے ترقی کرتی معیشت ہونے کے ناطے بھارت میں توانائی کی طلب بڑھ رہی ہے اور اس اعتبار سے توانائی کے سیکٹر میں یہاں کافی مواقع بھی موجود ہیں-

وزیر اعلیٰ مشاورت

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ مختلف متعلقین کے ساتھ بجٹ سے قبل کی مشاورت جاری رکھے ہوئے ہیں- اس سلسلے میں آج وہ مختلف لوگوں سے مشاورت کریں گے جبکہ بعد میں اُن کا سانبہ اور جموں اضلاع سے تعلق رکھنے والے عوامی نمائندوں سے ملاقات کرکے
ا

ن سے بجٹ 2026-27 کے سلسلے میں تجاویز طلب کرنے کا پروگرام ہے-±

برفباری

موسمیات محکمہ کی پیش گوئی کے عین مطابق وادی کے بالائی علاقوں میں گزشتہ شب سے برفباری کا سلسلہ جاری ہے اور اس دوران مختلف علاقوں میں درمیانہ درجے کی برفباری ریکارڈ کی گئی ہے- شوپیان قصبے میں آخری اطلاعات آنے تک برفباری کا سلسلہ جاری تھا جبکہ ضلع کے بالائی علاقوں میں قریب دو فٹ تازہ برفباری ریکارڈ کی گئی ہے-

کولگام کے سیاحتی مقام اہر بل اور دیگر بالائی علاقوں میں کم و بیش دو فٹ تازہ برف جمع ہوئی ہے جبکہ میدانی علاقوں میں دو سے پانچ انچ تک برف ریکارڈ کی گئی ہے -

کپواڑہ ضلع کے بالائی علاقوں میں8 انچ تازہ برف جمع ہوئی ہے جبکہ میدانی علاقوں میں دو سے چھ انچ تک کی برفباری ریکارڈ کی گئی ہے -

اننت ناگ کے بالائی علاقوں میں پانچ سے آٹھ انچ جبکہ میدانی علاقوں میں دو سے تین انچ تازہ برف جمع ہوئی ہے-

اس دوران ڈائریکٹر ائیر پورٹ اتھارٹی سرینگرجاوید انجم کے مطابق آج سرینگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے سے موسم کی خرابی کے باعث تمام پروازیں معطل کر دی گئی ہیں -

شاہراہ

دریں اثناءسرینگر جموں قومی شاہراہ کو بھی آج گاڑیوں کی آمد ورفت کیلئے بند کر دیا گیا ہے-انتظامیہ نے تازہ برفباری کے بعد سڑکوں سے برف ہٹانے اور لوگوں کی راحت رسانی کے لئے متعلقہ مشینری اور افرادی قوت کو کام پر لگا دیا ہے-

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا -

خدا حافظ

****